# ٹیچرز گائیڈ

کلاس 6 کے لئے

## بلونگڑا کے دانت میں درد ہوا

**biloongra had a toothache**



# ٹیچر کے لئے ہدایت

- تصویروں اور اس سے متعلق سرگرمیوں کو اس طرح لے کر چلیں کہ بچے سیکھنے اور سوچنے میں دلچسپی لیں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ لکھنے اور پڑھنے کے ساتھ ساتھ بچوں میں خود اعتمادی سے بات چیت کرنے کی صلاحیت بھی پیدا ہو۔ یہی وجہ ہے کہ اس ٹیچرز گائیڈ میں بچوں کے ساتھ گفتگو پر زور دیا گیا ہے۔
- بچوں سے تصویروں کے حوالے سے بات چیت کریں۔ ان کی بات یا جوابات کو غلط نہ کہیں، جہاں ضرورت ہو وہاں پیار سے اصلاح کریں۔
- ہر تحریری کام سے پہلے بچوں کو سمجھائیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔
- ہر تحریری کام کے وقت بچوں کے پاس جا کر ان کی مدد کریں۔
- اس بات کا خیال رکھیں کہ کلاس میں گفتگو کے دوران سب بچے ایک ساتھ نہ بولیں۔ ایک وقت میں ایک بچہ بولے اور کلاس میں discipline قائم رہے۔
- جہاں بھی ضرورت محسوس ہو کلاس میں اور گھر کے کام میں revision کا کام کروائیں۔
- اس ٹیچرز گائیڈ میں 6 سیشن ہیں۔ ہر سیشن 45 منٹ کا ہے۔ اگر آپ کے اسکول میں ایک پیریڈ کا دورانیہ 45 منٹ سے کم یا زیادہ ہو تو سیشن میں رد و بدل کر لیں۔
- اگر کسی روز سیشن میں وقت بچ جائے تو کبھی دوہرائی کروائیں، کبھی کہانی سنائیں اور کبھی بچوں کو ان کی مرضی کا کوئی کام کرنے کے لئے دیں۔
- ہوم ورک ہمیشہ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں اتاریں۔
- جہاں جہاں لفظ 'بچہ' استعمال کیا گیا ہے، اسے بچہ یا بچی پڑھیں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

کہانی انگریزی ترجمہ کے ساتھ ہے۔ انگریزی اردو دونوں میں سنائیں۔
اگر ضرورت ہو تو انگریزی ٹیچر سے پڑھوا لیں۔

# سیشن 1

**10 منٹ** • کہانی کی کتاب بچوں کو دیں۔ بچے کہانی کا ٹائٹل پڑھیں۔ بچوں سے ٹائٹل کے بارے میں بات چیت کریں۔

- بلونگڑا کسے کہتے ہیں؟
- کیا کبھی آپ کے دانت میں درد ہوا ہے؟
- اگر ہوا ہے تو آپ نے کیا کیا؟
- کیا آپ کبھی دانتوں کے ڈوکٹر کے پاس گئے ہیں؟
- دانتوں کے ڈوکٹر کو کیا کہتے ہیں؟

(دندان ساز / dentist)

**15 منٹ** • کہانی پڑھ کر سنائیں۔ کہانی لمبی ہونے کی وجہ سے کہانی کو 3 حصوں میں تقسیم کر لیں۔ پہلے حصے میں صفحہ 10 - 2 تک پڑھیں۔ ساتھ ساتھ مشکل الفاظ کے معنی بھی بتائیں۔

**15 منٹ** • 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔

- چند جانوروں اور ان کے بچوں کے نام بورڈ پر لکھیں۔

بلی ۔ بلونگڑا    کتا ۔ پلا    بکری ۔ میمنا
گائے ۔ بچھڑا    مرغی ۔ چوزا

یہ الفاظ بچے اپنی کوپی میں لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • کسی بھی 2 جانوروں اور ان کے بچوں کے بارے میں جملے بنائیں۔

# سیشن 2

20 منٹ • 10 - 8 بچوں سے صفحہ 10 - 2 کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
پڑھائی کے دوران بچوں سے زبانی سوال جواب کریں۔

- بلونگڑا کو کیا ہوا تھا؟
- حفاظتی ٹیکے کیا ہوتے ہیں؟ (vaccination)
- کیا آپ کا بھی کوئی کارڈ ہے؟
- کیا آپ کو معلوم ہے کہ بچپن سے اب تک آپ کو کون کون سے حفاظتی ٹیکے لگے ہیں؟
- ڈوکٹر نے بلونگڑا کے بارے میں کیا بتایا؟
- کالے کتے کا کیا نام تھا؟
- جانوروں کے ہسپتال کے کتنے حصے تھے؟

20 منٹ • اب ان صفحات سے مشکل الفاظ کی فہرست بورڈ پر لکھیں اور بچے ان کو کوپی میں اتارنے کے بعد لغت سے ان کے معنی ڈھونڈ کر لکھیں۔
بے سدھ اطمینان جان پہچان پالتو علیحدہ تجسس عجیب و غریب

**ہوم ورک**

5 منٹ • کوپی میں کیئے گیئے الفاظ میں سے 3 الفاظ کے جملے بنا کر لائیں۔

# سیشن 3

**20 منٹ** • کہانی کا دوسرا حصہ صفحہ 20 - 12 پڑھیں۔

- 10 - 8 بچوں سے کہانی پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔
- کہانی کے ان دونوں حصوں میں جن جانوروں کا ذکر کیا گیا ہے ان کے نام بورڈ پر لکھیں۔
- کہانی پر بات چیت کریں۔ بچوں سے ان کے پالتو جانوروں کے بارے میں پوچھیں۔

**25 منٹ** • بچے اپنے پالتو جانور پر مضمون لکھیں۔ مضمون لکھنے کے لئے یہ سوالات بورڈ پر لکھیں اور بچے ان کی مدد سے مضمون لکھیں۔

- آپ کا پالتو جانور کیا ہے؟ اس کا کیا نام ہے؟
- آپ کے پاس وہ کب آیا؟
- جب آپ اس سے پہلی بار ملے تو آپ کو کیسا لگا؟
- اس کے آنے سے گھر میں کیا تبدیلی آئی؟
- وہ کیا کھاتا / کھاتی ہے؟
- آپ اس کا خیال کیسے رکھتے ہیں؟
- کیا آپ اس کی صحت کا پورا خیال رکھتے ہیں؟
- کیا وہ آپ کی فیملی کا حصہ بن گیا ہے؟

# سیشن 4

20 منٹ • کہانی کا آخری حصہ صفحہ 30 - 22 تک پڑھیں۔ 10 - 8 بچوں سے پڑھوائیں۔ مشکل الفاظ کے معنی بتائیں۔ پڑھائی کے دوران مشکل الفاظ بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کوپی میں لکھوائیں۔

20 منٹ • کہانی سے متعلق سوال بورڈ پر لکھیں۔ بچے ان کے جواب کوپی میں لکھیں۔

- ڈوکٹر نے بلونگڑا کے بارے میں کیا بتایا؟ اور اس کا کیا علاج ہوا؟
- جانوروں کے اس ہسپتال میں کتنے حصے تھے اور ان میں کون کون سے جانور اور پرندے تھے؟
- گوہ نے بلونگڑا اور سنہری کو کس بات سے ڈرایا؟
- طوطے اور بلونگڑا کی بات چیت کو اپنے الفاظ میں لکھیں۔

**ہوم ورک**

5 منٹ • کہانی کا کون سا حصہ آپ کو سب سے زیادہ اچھا لگا اور کیوں؟

# سیشن 5

20 منٹ • بچے کہانی کی کتاب کھولیں۔ ان کی توجہ الفاظ کی تکرار کی طرف کروائیں۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو کسی جملے میں اپنی بات پر زور دینے کے لئے دو دفعہ لکھے یا بولے جاتے ہیں۔ بچوں کی مدد سے کہانی میں سے ایسے الفاظ چن کر لکھیں۔ مثلاً:
بھاگے بھاگے جلدی جلدی پیچھے پیچھے شڑپ شڑپ زور زور خوشی خوشی

25 منٹ • یہ الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ بچے اپنی کوپی میں لکھیں اور ان کو اپنے جملوں میں استعمال کریں۔

## ٹیچر کے لئے نوٹ

صفحہ 7 پر دیئے گئے word search کی بچوں کی تعداد کے مطابق فوٹو کوپی کروا لیں۔

# سیشن 6

**40 منٹ** • بچوں کی توجہ کہانی میں دیئے گئے مکالموں کی طرف دلوائیں۔

- بچوں کو دو دو کی جوڑی میں بٹھائیں۔ دونوں بچے بات چیت کرتے ہوئے مکالمہ لکھیں۔
- مکالمہ لکھنے کے لئے موضوع بچے خود بھی چن سکتے ہیں یا ٹیچر بھی ان کو گائیڈ کر سکتی ہیں۔ مثلاً:

1) دو بچوں کے درمیان مکالمہ جس میں ایک کے پاس پالتو جانور ہے مگر دوسرے کے پاس نہیں ہے۔

2) دو چڑیوں یا دو بلیوں (جن میں ایک پالتو ہے اور ایک نہیں) کے درمیان مکالمہ جس میں پالتو ہونے یا نہ ہونے کے فوائد پر بات چیت ہو۔

**5 منٹ** • بچوں میں word search تقسیم کریں۔ بچے گھر پر مکمل کریں۔

# Word Search

Name ______________________________ Class ____________ Date ____________

| | | | |
|---|---|---|---|
| ANACONDA | CAT | CHAMELEON | CROCODILE |
| DOG | DUCK | GOANNA | GOAT |
| PARROT | ROOSTER | SNAKE | TURTLE |

| | | | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| W | I | E | P | T | I | Z | E | B | S | C | G |
| J | A | C | K | U | K | G | K | N | P | O | R |
| N | E | J | A | R | L | R | A | M | A | T | X |
| C | X | K | D | T | V | K | C | T | R | J | V |
| H | D | B | U | L | E | Y | W | Y | R | Z | B |
| A | F | E | C | E | A | I | R | F | O | X | A |
| M | V | T | K | W | R | O | O | S | T | E | R |
| E | S | Z | G | A | N | A | C | O | N | D | A |
| L | C | R | O | C | O | D | I | L | E | R | N |
| E | D | O | G | W | Z | F | A | P | W | H | I |
| O | D | D | X | N | V | G | O | A | N | N | A |
| N | O | D | K | A | Z | V | R | G | X | H | R |

# بلونگڑا کے دانت
# میں درد ہوا

## ٹیچرز گائیڈ

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi, Pakistan
Phone: (9221) 3431-0641, 3453-8221

e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.urdubooksforchildren.com
www.bookgroup.org.pk

Rs 150